اجنبی مرد کا عورت کی میت قبر میں اتارنا

مجیب: عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

فتوی نمبر: WAT-1558

تاریخ اجراء: 23 رمضان المبارک 1444ھ/14 اپریل 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عورت کی میت کو اجنبی مرد قبر میں اتار سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورت کو قبر میں اتارنے والوں کے حوالہ سے ترتیب یہ ہے کہ اولاً اتارنے والے مرحومہ کے محارم ہونے چاہئیں، یہ نہ ہوں تو دیگر رشتہ دار تدفین کریں اور یہ بھی نہ ہوں، تو پرہیز گار مسلمان قبر میں اتار دیں۔ نیز عورت کے جنازے میں مزید یہ احتیاط بھی کی جائے گی کہ اس کے جنازے کی چارپائی کسی کپڑے سے چھپی ہوئی ہو اور سلیپ یا تختوں سے قبر بند ہونے تک اس کی قبر کو کسی چادر سے ڈھانپ کر رکھیں۔

فتاوی ہندیہ میں ہے "وذوالرحم المحرم أولى بإدخال المرأة من غيرهم، كذا في الجوهرة النيرة وكذا ذو الرحم غير المحرم أولى من الأجنبي فإن لم يكن فلا بأس للأجانب وضعها، كذا في البحر الرائق" ترجمہ: عورت کو قبر میں اتارنے کے لئے ذی رحم محرم دوسروں کی بنسبت زیادہ حقدار ہیں، جیسا کہ جوہرہ نیرہ میں ہے، اسی طرح ذی رحم غیر محرم، اجنبیوں سے زیادہ حقدار ہیں اور اگر یہ بھی نہ ہوں تو اجنبیوں کے اتارنے میں حرج نہیں جیسا کہ بحر الرائق میں ہے۔ (فتاوی ہندیہ، کتاب الصلاۃ، باب فی الجنائز، ج 1، ص 166، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "عورت کا جنازہ اتارنے والے محارم ہوں، یہ نہ ہوں تو دیگر رشتہ والے یہ بھی نہ ہوں تو پرہیز گار اجنبی کے اتارنے میں مضایقہ نہیں۔" (بہار شریعت، ج 1، حصہ 4، ص 844، مکتبۃ المدینہ)

در مختار مع رد المحتار میں ہے "(ويسجى قبرها) أي بثوب ونحوه استحبابا حال إدخالها القبر حتى يسوى اللبن على اللحد، كذا في شرح المنية والإمداد" ترجمہ: قبر میں اتارنے سے لے کر مٹی سیدھی کرنے

تک عورت کے جنازے کو کپڑے وغیرہ سے استحباباً چھپایا جائے گا، جیسا کہ شرح منیہ و امداد میں ہے۔(ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الصلاۃ، ج2، ص236، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے ”عورت کا جنازہ ہو تو قبر میں اتارنے سے تختہ لگانے تک قبر کو کپڑے وغیرہ سے چھپائے رکھیں، مرد کی قبر کو دفن کرتے وقت نہ چھپائیں البتہ اگر مینھ وغیرہ کوئی عذر ہو تو چھپانا جائز ہے، عورت کا جنازہ بھی ڈھکا رہے۔" (بہار شریعت، ج1، حصہ4، ص844،845، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net